Write your name here

| Surname | Other names |
|---|---|
| | |

| Centre Number | Candidate Number |
|---|---|
| | |

# Edexcel GCSE

# Urdu

## Unit 3H: Reading and Understanding in Urdu

**Higher Tier**

Wednesday 19 May 2010 – Afternoon
**Time: 50 minutes**

Paper Reference
**5UR03/3H**

**You do not need any other materials.**

Total Marks

## Instructions

- Use **black** ink or ball-point pen.
- **Fill in the boxes** at the top of this page with your name, centre number and candidate number.
- Answer **all** questions.
- Answer the questions in the spaces provided – *there may be more space than you need.*
- You must **not** use a dictionary.

## Information

- The total mark for this paper is 40.
- The marks for **each** question are shown in brackets – *use this as a guide as to how much time to spend on each question.*

## Advice

- Read each question carefully before you start to answer it.
- Keep an eye on the time.
- Try to answer every question.
- Check your answers if you have time at the end.

*Turn over* ▶

N36979A
©2010 Edexcel Limited.
4/4/1/

N 3 6 9 7 9 A 0 1 1 6

edexcel
advancing learning, changing lives

**Answer ALL questions.**

**Some questions must be answered with a cross in a box ☒. If you change your mind about an answer, put a line through the box ☒ and then mark your new answer with a cross ☒.**

**My friend**

**1** Read the following passage:

عادل میرا بچپن کا دوست ہے۔ہم سکول میں ساتھ ساتھ رہے لیکن ہمیں
ایک ہی کالج میں داخلہ نہ مِل سکا ۔ وہ بہت باتونی ہے ۔ اسے چُپ کرانے
کا ایک طریقہ ہے کہ اس کے سامنے کھانے کے لیے کچھ رکھ دیں۔ عادل
پانی میں جانے سے بہت ڈرتا ہے۔ اُسے فلم سے زیادہ تھیٹر دیکھنے کا شوق ہے۔
وہ فٹ بال کا شوقین ہے لیکن اُسے میچ ٹی وی پر دیکھنا اچھا نہیں لگتا ۔ ہم
آئندہ ایک دوسرے کے دوست رہیں گے۔

Which statements are correct?

Put a cross ☒ in the **four** correct boxes.

| **Example:** | Adil is my childhood friend. | ☒ |
|---|---|---|
| (a) | We went to different schools. | ☐ |
| (b) | We did not go to the same college. | ☐ |
| (c) | We studied at the same college. | ☐ |
| (d) | Adil is very quiet. | ☐ |
| (e) | He loves his food. | ☐ |
| (f) | He does not like swimming. | ☐ |
| (g) | He prefers theatres to films. | ☐ |
| (h) | He likes watching football on TV. | ☐ |

**(Total for Question 1 = 4 marks)**

## Holiday accommodation

**2** Your friends are discussing holiday accommodation:

خالد : میں چھٹیاں ہمیشہ کسی رشتہ دار کے گھر گزارتا ہوں۔
عابد : ہماری اپنی کیراوین ہے ۔ اسے گاڑی سے لگایا اورجہاں چاہا لے گئے ۔
نسرین: میں ہوٹل میں ٹھہرنا پسند کرتی ہوں تاکہ آزادی سے رہ سکوں ۔
ثمینہ : مجھے ایسے کاٹیج میں رہنا اچھا لگتا ہے جہاں بہت خاموشی ہو ۔
عزیز : میرا دِل چاہتا ہے میں چھٹیوں میں گھر پر اکیلا رہوں ۔

Where do they each like to stay during the holidays?

Put a cross ☒ in the **four** correct boxes.

| | A<br>**Relatives** | B<br>**Cottage** | C<br>**Home** | D<br>**Caravan** | E<br>**Hotel** |
|---|---|---|---|---|---|
| **Example:** Khalid | ☒ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (i) Abid | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (ii) Nasreen | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iii) Samina | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iv) Aziz | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |

**(Total for Question 2 = 4 marks)**

## Eating out

**3** You read the following article in a health magazine:

### گھر سے باہر
### کھانے کا رواج

پوری دنیا میں گھر سے باہر کھانے کا رواج بڑھتا جا رہا ہے ۔ پہلے مسافر اور اکیلے رہنے والے ہی باہر کھاتے تھے ۔ اب یہ فیشن بن چکا ہے ۔ مہینے میں ایک دو بار باہر کھانے میں کوئی حرج نہیں لیکن ہفتے میں کئی بار باہر کھانا درست نہیں ۔

اس میں پیسے بھی بہت خرچ ہوتے ہیں اور صحت کو بھی نقصان پہنچتا ہے ۔ باہر کا کھانا مزے میں اچھّا تو ہوتا ہے لیکن اس میں اکثر چکنائی زیادہ ہوتی ہے ۔ مزے کی وجہ سے یہ کھایا بھی زیادہ جاتا ہے ۔ نتیجہ صاف ظاہر ہے ، موٹاپا اور موٹاپا بہت سی بیماریوں کی جڑ ہے ۔

Look at the words in the table below.

| A | B | C | D | E |
|---|---|---|---|---|
| دُبلا | فائدہ | مہنگا | غلط | زیادہ |
| **F** | **G** | **H** | **I** | **J** |
| کم | سستا | ٹھیک | نقصان | موٹا |

Write the letter matching the correct word to complete the following sentences about eating out.

**Example:** باہر کھانے والوں کی تعداد [ **E** ] ہوگئی ہے ۔

(i) کبھی کبھی باہر کھانا [ ] ہے۔

(ii) باہر کا کھانا بہت [ ] ہوتا ہے ۔

(iii) باہر کے کھانے سے صحت کو [ ] ہوتا ہے ۔

(iv) باہر کا کھانا لوگوں کو [ ] کر سکتا ہے ۔

**(Total for Question 3 = 4 marks)**

## The internet

**4** You read these comments about the internet:

| | |
|---|---|
| انٹرنیٹ نے زندگی بہت آسان کردی ہے ۔ ویب سائٹ کلک کی اور کام ہوگیا ۔ | **A** |
| لاکھوں لوگ انٹرنیٹ پر خریداری کرکے اپنا وقت اور پیسہ ، دونوں ، بچاتے ہیں ۔ | **B** |
| انٹرنیٹ پر ہفتوں اور دنوں کے کام منٹوں اور سیکنڈوں میں ہو جاتے ہیں ۔ | **C** |
| گھنٹوں باتیں کرنا انٹرنیٹ کا غلط استعمال ہے جو بچّوں کے لیے نقصان دہ ہے ۔ | **D** |
| رات ہو یا دن ، جب چاہیں دنیا میں کسی سے اور کہیں بھی رابطہ کر لیں ۔ | **E** |

What does the writer think about the internet?

Write the **four** correct letters in the boxes below.

| | | |
|---|---|---|
| **Example:** | Makes life easy | **A** |
| (i) | Harmful for children | |
| (ii) | Saves time and money | |
| (iii) | Very quick | |
| (iv) | No time limit | |

**(Total for Question 4 = 4 marks)**



N 3 6 9 7 9 A 0 6 1 6

## Lifestyle

**5** Join the **two** parts together to make complete sentences.

| | | | |
|---|---|---|---|
| کہ ہم سبزیاں اور پھل کھائیں ۔ | **A** | دنیا بھر میں موٹے لوگوں کی | (i) |
| باقاعدگی سے ورزش کرنی چاہیے ۔ | **B** | اس کی وجہ میٹھی اور تلی | (ii) |
| تعداد تیزی سے بڑھ رہی ہے ۔ | **C** | بازار کے کھانے اور مشروبات | (iii) |
| وزن میں بہت اضافہ کرتے ہیں ۔ | **D** | صحت‌مند رہنے کے لیے ضروری ہے | (iv) |
| ہوئی چیزوں کا زیادہ استعمال ہے ۔ | **E** | وزن قابو میں رکھنے کے لیے | (v) |

| | |
|---|---|
| **Example:** (i) | **C** |
| (ii) | |
| (iii) | |
| (iv) | |
| (v) | |

**(Total for Question 5 = 4 marks)**

**Job application**

**6** Read the following job application:

محترم مینجر صاحب

میں نے آپ کا اشتہار پڑھا ۔ میں یہ کام کرنا چاہتی ہوں۔

- میں سولہ سال کی ہوں
- ایک نرسری سکول میں کام کا تجربہ کرچکی ہوں
- اردو اور پنجابی بول سکتی ہوں
- بچّوں سے پیار کرتی ہوں
- ملنا جلنا پسند کرتی ہوں ، میری بہت سی سہیلیاں ہیں
- پرائمری سکول سے کمپیوٹر استعمال کررہی ہوں

میں اس کام کی ساری ضرورتیں پوری کرسکتی ہوں ۔ اُمید ہے آپ مجھے کام کرنے کا موقع دیں گے۔

مخلص

عامرہ



N36979A0816

Read the job application carefully and complete the sentences by putting a cross ☒ in the correct boxes.

**Example:** Amira has…

| | | |
|---|---|---|
| **A** | …heard about the job | ☐ |
| **B** | …read the advert | ☒ |
| **C** | …been told about it | ☐ |

(i) She can speak…

| | | |
|---|---|---|
| **A** | …Farsi | ☐ |
| **B** | …Spanish | ☐ |
| **C** | …Punjabi | ☐ |

(ii) She has…

| | | |
|---|---|---|
| **A** | …many friends | ☐ |
| **B** | …some friends | ☐ |
| **C** | …no friends | ☐ |

(iii) She has been computer literate since…

| | | |
|---|---|---|
| **A** | …nursery school | ☐ |
| **B** | …primary school | ☐ |
| **C** | …high school | ☐ |

(iv) She meets…

| | | |
|---|---|---|
| **A** | …some requirements | ☐ |
| **B** | …most requirements | ☐ |
| **C** | …all requirements | ☐ |

**(Total for Question 6 = 4 marks)**

**Visitor information**

7 You read the following information in a leaflet:

# پاکستان کا دارالحکومت

## اسلام آباد

اسلام آباد لاہور جیسا پرانا شہر نہیں ہے۔اس کی تعمیر شروع ہوئے ابھی پچاس سال بھی نہیں گزرے ۔ اسلام آباد ایک منصوبے کے تحت بسایا گیا ہے ۔ اس لیے زندگی کی سہولتیں مہیا کرتے وقت اس کے قدرتی حسن کو برقرار رکھنے کا خاص خیال رکھا گیا ہے ۔

یہ شہر سرسبز پہاڑیوں میں گھرا ہوا ہے ۔ اس کی شاندار عمارتیں ، خوبصورت گھر اور کھانے پینے کے مراکز دیکھ کر غیرملکی تو کیا پاکستانی بھی حیران ہو جاتے ہیں ۔ اسلام‌آباد کی اہم سرکاری عمارتوں میں ایوانِ صدر ، وزیرِاعظم کا گھر اور پارلیمنٹ ہاؤس شامل ہیں ۔

آپ اسلام‌آباد آئیں ، تو فیصل مسجد دیکھنا نہ بھولیں ۔ یہ عظیم الشان مسجد شہر کے عین مرکز میں بنائی گئی ہے ۔ گھومنا پھرنا چاہیں ، تو دامنِ کوہ ، جناح پارک اور روز گارڈن کا رخ کریں ۔ کھانے پینے کے لیے پیر سوہاوہ جا کر قدرتی مناظر کا لطف بھی اٹھائیں ۔

Answer the following questions **in English**.

(a) How old is Islamabad?

.................................................................................................................................... **(1)**

(b) What did the city planners try to preserve?

.................................................................................................................................... **(1)**

(c) What natural feature is the city surrounded by?

.................................................................................................................................... **(1)**

(d) Name **one** of the important official buildings.

.................................................................................................................................... **(1)**

(e) Whereabouts in Islamabad is the Faisal Masjid?

.................................................................................................................................... **(1)**

(f) Where can you go for sightseeing in Islamabad? Give **two** details.

....................................................................................................................................

.................................................................................................................................... **(2)**

(g) What can you do in Pir Sohawa?

.................................................................................................................................... **(1)**

**(Total for Question 7 = 8 marks)**

## Future plans

**8** Read the information below.

# مستقبل کے منصوبے

میرا نام ماریہ ہے ۔ میں لندن میں پیدا ہوئی اور دسمبر میں سترہ سال کی ہو جاؤں گی ۔ بچپن میں مجھے ڈاکٹر بننے کا شوق تھا لیکن اپنے کچھ اساتذہ کو دیکھ کر میں نے بھی ان جیسا پیشہ اختیار کرنے کا فیصلہ کر لیا ۔ امّی ابّو میرے فیصلہ سے خوش نہ تھے لیکن میں نے انہیں قائل کر لیا کہ یہ بہت اچھّا پیشہ ہے ۔

میری خواہش پوری ہونے میں کئی سال لگیں گے ۔ اے لیول میں دو سال ، ڈگری میں تین سال اور تربیّتی کورس میں ایک سال صرف ہوگا ۔ میں دل لگا کر محنت کروں گی اور کامیابی سے یہ مرحلے طے کرلوں گی ۔

میں برطانیہ میں کچھ عرصہ کام کرنے کے بعد پاکستان چلی جاؤں گی ۔ میں پاکستان تین مرتبہ جا چکی ہوں اور میں نے دیکھا ہے کہ وہاں ناداروں کے لیے تعلیم کی کافی سہولتیں نہیں ہیں ۔ میں پاکستان کے کسی ایسے تعلیمی ادارے میں کام کروں گی جہاں غریب بچّوں کو مفت تعلیم دی جاتی ہو ۔ میں اپنی تعلیم اور تجربے کا فائدہ ان بچّوں کو پہنچانا چاہتی ہوں جو تعلیم سے محروم ہیں ۔

Read the passage carefully and put a cross ☒ in the correct boxes.

**Example:** ماریہ کتنے سال کی ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| **A** | پندرہ | ☒ |
| **B** | سولہ | ☒ |
| **C** | سترہ | ☒ |

(i) وہ کیا بننا چاہتی ہے ؟

| | | |
|---|---|---|
| **A** | ڈاکٹر | ☒ |
| **B** | نرس | ☒ |
| **C** | ٹیچر | ☒ |

(ii) والدین کیسے راضی ہوئے ؟

| | | |
|---|---|---|
| **A** | خوشی سے | ☒ |
| **B** | مجبوراً | ☒ |
| **C** | سوچ سمجھ کر | ☒ |

(iii) وہ پہلے کیا کرے گی ؟

| | | |
|---|---|---|
| **A** | اے لیول | ☒ |
| **B** | ڈگری | ☒ |
| **C** | تربیّتی کورس | ☒ |

(iv) اس کی خواہش کب پوری ہوگی ؟

| | | |
|---|---|---|
| **A** | سات سال میں | ☒ |
| **B** | چھ سال میں | ☒ |
| **C** | پانچ سال میں | ☒ |

(v) وہ کیسے کامیاب ہوگی ؟

| | | |
|---|---|---|
| A | محنت سے | ☐ |
| B | دولت سے | ☐ |
| C | ہمت سے | ☐ |

(vi) وہ کتنی دفعہ پاکستان گئی ہے ؟

| | | |
|---|---|---|
| A | ایک دفعہ | ☐ |
| B | بہت دفعہ | ☐ |
| C | کئی دفعہ | ☐ |

(vii) پاکستان میں کن سہولتوں کی کمی ہے ؟

| | | |
|---|---|---|
| A | تعلیمی | ☐ |
| B | تفریحی | ☐ |
| C | رہائشی | ☐ |

(viii) ماریہ کسے فائدہ پہنچانا چاہتی ہے ؟

| | | |
|---|---|---|
| A | امیروں کو | ☐ |
| B | غریبوں کو | ☐ |
| C | بوڑھوں کو | ☐ |

**(Total for Question 8 = 8 marks)**

**TOTAL FOR PAPER: 40 MARKS**



N 3 6 9 7 9 A 0 1 4 1 6

**BLANK PAGE**

**BLANK PAGE**



N36979A01616